روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 24 مارچ 2009ء 26 ربیع الاول 1430 ہجری 24 امان 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 65

جس کی چیز ہے

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ ایک دفعہ بازار گیا۔ رسول اللہؐ نے کچھ کپڑا خریدا۔ اس کی قیمت ادا کی۔ اور پھر وہ کپڑا اٹھالیا۔ میں نے چاہا کہ اسے اٹھا کر لے چلوں مگر رسول اللہؐ نے فرمایا نہیں رہنے دو جس کی چیز ہو اسے خود ہی اٹھانا چاہئے۔

(شفاء عیاض۔ باب تواضعہ)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

☆ ہماری جماعت ہمارے لئے بطور اعضاء کے ہے یا جیسا کہ درخت کی شاخیں ہوتی ہیں۔

☆ دنیا کا پہلا گناہ تکبر ہے۔ تکبر سے بچو۔

☆ مومن اپنے نیک اعمال میں ترقی کرتا رہتا ہے جس کے دو دن برابر گزر گئے وہ نقصان میں ہے۔

☆ اگر انسان افتاں وخیزاں کچھ تھوڑی سی نیکی بھی کرلے تو اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈال دیتا ہے۔

☆ بعض کو ذرا سے گناہ پر بھی تنبیہ کی جاتی ہے تا کہ وہ آگے نہ بڑھیں۔

☆ استغفار تقویٰ کی کمی کو پورا کرتا ہے۔

☆ اطمینان ویقین کے حصول کی تین راہیں ہیں۔ 1۔ منقول 2۔ معقول 3۔ آیات سماوی

☆ جو تم سے بھلا کرے اس کا شکریہ کرو اور اس کے واسطے دعا کرو۔

☆ دعا ایسے امر کے واسطے نہیں چاہئے جو اللہ تعالیٰ کی صفات اور اس کے وعدوں کے خلاف ہو۔

☆ اللہ تعالیٰ نے ہمارے سلسلہ کے واسطے اپنی حکمت سے بھی وقت رکھا ہوا تھا مگر وقت نازک ہے۔ مثل ہے کہ ہر خزانہ پر سانپ ہوتا ہے۔ کوئی نعمت بجز تکالیف کے نہیں ملتی۔ جب تک زلازل نہ آئیں کامیابی نہیں ہوتی۔

☆ بجز تقویٰ کے یہ دریا پار نہیں ہوسکتا۔ اللہ تعالیٰ کی خاص نصرتوں کی ضرورت ہے جو متقیوں کے ساتھ ہوتی ہیں۔

☆ چاہئے کہ ہماری جماعت کے لوگوں میں کسل، نفاق اور دنیا پرستی کی کوئی آمیزش نہ ہو۔

☆ جب تک کہ انسان پاک نہ ہو خدا کو اس کے لئے غیرت نہیں آتی۔

☆ جماعت کے آدمیوں کو چاہئے کہ ایک دوسرے سے محبت کریں۔ کسی سے استہزاء نہ کریں۔ شیطان جو بھائیوں کے درمیان تفرقہ کروا دیتا ہے اور وہ جس قدر کامیابی استہزاء کرانے سے حاصل کرتا ہے اور طریقوں سے نہیں کرسکتا۔

☆ چاہئے کہ مومن میں ستاری کا فعل ہو وہ کسی کی نکتہ چینی نہ کرے۔

☆ دلوں کی حفاظت بڑے مردوں کا کام ہے۔

☆ تواضع سے کام لینا چاہئے جو تکبر کرتا ہے وہ دکھ سے مرتا ہے۔

☆ آپس میں محبت بھی ایک عبادت ہے۔ ہر امر جو اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لئے کیا جاتا ہے وہ عبادت میں داخل ہے۔

☆ مصلحت کے ماتحت انتقام بھی جائز ہے مگر نفسانی جذبات کے نیچے آکر اور بے بس ہوکر بدلہ لینا جائز نہیں۔

☆ عفو اور اصلاح بڑی خوبی کی باتیں ہیں مگر محل اور موقع کا شناخت کرنا ضروری ہے۔

☆ جو شخص ناجائز جوشوں کی بلا سے نجات پاتا ہے وہ ابدال میں گنا جاتا ہے۔

(ذکر حبیب از حضرت مفتی محمد صادق صاحب ص 220 تا 223)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔
’’پس بار بار قرآن شریف کو پڑھو اور تمہیں چاہئے کہ بُرے کاموں کی تفصیل لکھتے جاؤ اور پھر خدا کے فضل اور تائید سے کوشش کرو کہ ان بدیوں سے بچتے رہو‘‘
(الفضل 17/ اکتوبر 1966ء)

ضرورت ہومیو ڈاکٹر

۞ وقف جدید انجمن احمدیہ کے زیر انتظام فضل عمر فری ہومیو ڈسپنسری ربوہ کیلئے ایک مرد ہومیو ڈاکٹر کی فوری ضرورت ہے۔ خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے ایسے محنتی ومخلص احمدی ہومیو ڈاکٹرز سے درخواستیں مطلوب ہیں جو مستقل طور پر اپنی خدمات پیش کرسکیں، اپنی درخواستیں صدر صاحب/امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ خاکسار کے نام وقف جدید انجمن احمدیہ میں بھجوائیں۔

(ناظم ارشاد وقف جدید)

ای این ٹی سپیشلسٹ کی آمد

۞ مکرم ڈاکٹر محمد زکریا طاہر صاحب ماہر امراض ناک، کان وگلا فضل عمر ہسپتال میں یو کے سے تشریف لا رہے ہیں۔ وہ مورخہ 24 مارچ 2009ء سے تین ماہ کے لئے ہسپتال میں اپنی خدمات بطور وقف عارضی پیش کریں گے۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ان کی خدمات سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مکرم ڈاکٹر صاحب آؤٹ ڈور کے علاوہ سرجری بھی کریں گے۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

عطیہ برائے گندم

۞ ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 14-4550/3 معرفت مکرم افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم دفتر جلسہ سالانہ ربوہ)

جماعت احمدیہ گنی کوناکری کے پانچویں جلسہ سالانہ کا بابرکت انعقاد

رپورٹ: مکرم طاہر محمود عابد صاحب مربی سلسلہ گنی کوناکری

اللہ تعالیٰ کے فضل سے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے تاریخی سال میں جماعت احمدیہ گنی کوناکری کو 21 دسمبر 2008ء کو اپنا جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ ملکی حالات کی وجہ سے یہ جلسہ چھوٹے پیمانے پر اور مشن ہاؤس میں ٹینٹ لگا کر کیا گیا۔

مکرم امیر صاحب سیرالیون نے مکرم افتخار احمد گوندل صاحب مربی سلسلہ کو بطور نمائندہ جلسہ میں شمولیت کے لئے بھجوایا۔

جلسہ میں شمولیت کے لئے گنی میں سیرالیون کے سفیر عزت مآب الحاج فوڈے لہائی کروما (Alhaj Foday Lahai Koroma) کو بھی دعوت دی گئی۔ ان کے ساتھ جناب عبداللہ شریف (Abdullah Shariff) ہیڈ آف چانسری بھی تشریف لائے۔ اسی طرح گنی میں ملائشیا کے سفارت خانہ کے فرسٹ سیکرٹری جناب حسین ہناپی (Hussain Hanapy) صاحب اہل وعیال کے ساتھ جلسہ میں شامل ہوئے۔ بینن کے کونسلر جناب حسن اکوبی بھی شامل ہوئے۔

مورخہ 21/دسمبر 2008ء کو صبح دس بج کر 30 منٹ پر جلسہ کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد حضرت اقدس مسیح موعود کے بیان فرمودہ قصیدہ سے چند اشعار پیش کئے گئے۔ اس کے بعد نظم

ع

"ہمارا خلافت پہ ایمان ہے"

ترنم کے ساتھ پیش کی گئی۔

جلسہ کے آغاز پر گنی میں سیرالیون کے سفیر الحاج فوڈے لہائی کروما نے افتتاحی خطاب کیا جس میں احمدیہ جماعت کو سراہتے ہوئے شاملین جلسہ کو بتایا کہ اس وقت دنیا میں دین حق کی صحیح رنگ میں کوئی خدمت کر رہا ہے تو وہ احمدیہ جماعت ہے جس کا ثبوت سیرالیون میں جماعت کی ایک لمبے عرصہ سے بےلوث خدمات ہیں۔ انہوں نے حاضرین جلسہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ گنی کوناکری میں دینی تعلیمات چاہتے ہیں تو کھلے دل سے جماعت احمدیہ کو اس ملک میں خوش آمدید کہیں۔

اس کے بعد مکرم افتخار گوندل صاحب مربی سلسلہ سیرالیون نے اپنے خطاب میں خلافت کی ضرورت اور اہمیت بیان کی۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خلافت جوبلی کے حوالے سے خصوصی پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔

اس جلسہ کا بنیادی مضمون خلافت تھا اس لئے دوسری تقریر مکرم محمد ماریگا صاحب صدر جماعت احمدیہ گنی کوناکری نے "خلافت کی برکات اور ہماری ذمہ داریاں" کے موضوع پر کی۔ پونے دو بجے پہلے اجلاس کی کارروائی اختتام کو پہنچی۔

نمازوں اور کھانے کے وقفہ کے بعد تین بجے دوسرے اجلاس کی کارروائی تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی جس کے بعد مکرم محمد صالح جالو صاحب نے خلافت کے ذریعہ ترقیات کا ذکر کیا۔

اس کے بعد مکرم احمد دیدات صاحب نے حضرت مسیح موعود کی آمد کی غرض اور صحف سابقہ سے آپ کی صداقت بیان کیں۔

جناب حسین ہناپی صاحب سیکرٹری ملائشین ایمبیسی نے تبصرہ کیا کہ انہوں نے جماعت کے بارہ میں پہلے بھی سن رکھا تھا لیکن اس جلسہ میں شمولیت کے بعد ان کے علم میں غیر معمولی اضافہ ہوا اور بہت سے شکوک دور ہوئے۔

اس جلسہ میں کل 200 احباب شریک ہوئے جن میں تین غیر از جماعت امام بھی شامل ہیں۔

قارئین کی خدمت میں عاجزانہ درخواست دعا ہے اللہ تعالیٰ اس جلسہ کے بابرکت نتائج پیدا فرمائے اور اس ملک میں جماعت کی ترقیات کا پیش خیمہ بنا دے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 20/فروری 2009ء)

للّٰہی وقف کا مقام

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

بموجب منشاء ھدی للمتقین ابھی تک اس مقام تک نہیں پہنچا جہاں قرآن شریف اسے لے جانا چاہتا ہے اور وہ وہ مقام ہے کہ انسان اپنی زندگی ہی خدا تعالیٰ کے لئے وقف کر دے۔ اور یہ للّٰہی وقف کہلاتا ہے۔ اس حالت اور مقام پر جب ایک شخص پہنچتا ہے تو اس میں مـمـا رہتا ہی نہیں۔ کیونکہ جب تک وہ مـمـا کی حد کے اندر ہے اس وقت تک وہ ناقص ہے اور اس علت غائی تک نہیں پہنچا جو قرآن مجید کی ہے۔ لیکن کامل اسی وقت ہوتا ہے جب یہ حد نہ رہے اور اس کا وجود، اس کا ہر فعل، ہر حرکت و سکون محض اللہ تعالیٰ کے حکم اور اذن کے ماتحت بنی نوع کی بھلائی کے لئے وقف ہو۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 612)

عبدالکریم قدسی کے منتخب اشعار

اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفل نہ کرو
روٹھنے والا کسی روز تو گھر آئے گا

گالیاں سن کے دعا دو کہ یہ راہِ حق میں
شرف و اعزاز ہے عظمت ہے بڑا گہنا ہے

میں ایک بات بتاتا چلوں زمانے کو
عزیز موت ہے جن کو وہ میرے ساتھ آئے

ہر موسم میں سچ کہنے کی ضد کرتے ہیں
ہم پھر بھی زندہ رہنے کی ضد کرتے ہیں

دار و رسن سے زنجیروں سے ڈرتے ہیں
اک ہم ہیں جو اس گہنے کی ضد کرتے ہیں

آنکھوں میں اترا ہے موسم ساون بھادوں کا
ہم سے گئے دنوں کا قصہ کس نے پوچھا ہے

سفر میں اس لئے ستا سکا نہ میں قدسی
کہ اس عمل سے مرا قافلہ نکل جاتا

آ! کہ روشن ہوں بام و در پھر سے
آ! مرے گھر بھی سانورے سائیں

کون کر سکتا ہے خوشبو کو بھلا مٹھی میں قید
روشنی کو آج تک کوئی نہ پھانسی دے سکا

اب اس کو میکدہ کہنا عجیب لگتا ہے
جہاں نہ ساقی نہ جام و سبو نہ مے لوگو

نحیف شاخ سپرد ہوا نہیں کرنا
کبھی درخت سے خود کو جدا نہیں کرنا

زمین دل ہو کہ لاہور ہو یا لندن ہو
محبتوں کی عبادت قضا نہیں کرنا

دل کے دروازے پر ہلکی سی اک کھنک ہوئی دستک کی
میں نے پوچھا کون آیا ہے اور وہ بولے ہم آئے ہیں

میں اندھیروں کا باسی تھا لیکن مشعلِ بیعت نے
مجھ جیسے کمزور نظر کو روشن رستہ بخش دیا

خلوص و پیار سے اہل وطن کو بھیجتا ہے
محبتوں کے تحائف جلاوطن میرا

چلو کہ ہاتھ اٹھائیں دعا کریں قدسی
عجیب موسموں کی زد میں ہے وطن میرا

گل کھلے قدسی مگر میری طرف
کیوں توجہ کا گلاب آیا نہیں

روز ہی ڈھونا پڑتا ہے احساس کا مٹی گارا
صبر کی یہ دیوار کہاں تک اونچی کرنا ہوگی

زمینِ دل پہ سکینت کی اوس اتری ہے
لرزتے کانپتے جب بھی دعا بدست ہوئے

گلوں کے ساتھ ہیں جن کو عزیز کانٹے بھی
کچھ ایسے لوگ بھی قدسی چمن پرست ہوئے

وفا کی رسم کو اک آن بان دیتے ہیں
جہادِ عشق میں ہم لوگ جان دیتے ہیں

پڑے تھے راہ میں آنسو، اٹھا لئے ورنہ
خوشی سے میں نے کوئی غم کہاں خریدا ہے

دنیا میں گو ہم جیسے مٹھی بھر ہیں
لیکن ہم ہی امن کے ماتھے کا جھومر ہیں

ہم تھوڑے ہیں لیکن ہمیں حقیر نہ سمجھو
ہمیں ابابیلوں کی چونچوں میں کنکر ہیں

☆......☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

آفتاب ام الکتاب کی ضوء فشانی

تالیف ''اعجاز المسیح'' عربی پر مولانا عبدالکریم سیالکوٹی کی مبصرانہ نظر

اے دوستو جو پڑھتے ہوئے ام الکتاب کو — اب دیکھو میری آنکھ سے اس آفتاب کو
سوچو دعاء فاتحہ کو پڑھ کے بار بار — کرتی ہے یہ تمام حقیقت کو آشکار

مکرم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مورخ احمدیت

لاجواب انعامی کتاب

حضرت مسیح موعود کی عربی کتاب ''اعجاز المسیح'' 20 فروری 1901ء کو مطبع ضیاء الاسلام قادیان سے شائع ہوئی۔ سیدنا حضرت مسیح موعود کی اس انعامی، لاجواب اور اعجازی تالیف کی عرب وعجم میں دھوم مچی ہوئی ہے۔ یہی وہ معرکۃ الآرا کتاب ہے جو قیامت تک کے لئے مسیح الزمان کا علمی معجزہ ہے کیونکہ جناب الٰہی کی طرف سے آپ کو بھاری بشارت ملی کہ کوئی عربی ادیب اس کی نظیر لانے پر قادر نہیں ہو سکے گا۔

جن ناموافق بلکہ مخالف حالات اور بیماریوں کے ہجوم میں یہ تالیف ہوئی وہ بذات خود حضرت اقدس کی صداقت کا ایک چمکتا ہوا نشان ہے۔ اس خصوصی پہلو پر حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کے عینی مشاہدات وتاثرات تاریخی نقطہ نگاہ سے آب زر سے لکھے جانے کے لائق ہیں کیونکہ اس مبارک تصنیف کے تمام مراحل کے دوران حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی الدار قادیان میں بنفس نفیس موجود رہے اور جملہ مخالف احوال وکوائف کا نہ صرف قریب سے مطالعہ کیا بلکہ ہر آن تیز آنکھ سے ان پر گہری اور باریک نظر رکھی جس کے بعد حضرت مولانا نے اپنے قلم اعجاز رقم سے مندرجہ ذیل تاثرات زیب تحریر کئے جو یکم مارچ 1901ء کو ایک پمفلٹ کی صورت میں ضیاء الاسلام قادیان سے شائع فرمائے۔ پمفلٹ کا عنوان تھا ''اعجاز المسیح اور حضرت مسیح موعود'' اور اس کے کل صفحات 36 تھے ذیل کا ایک کیف آور اور بصیرت افروز اقتباس اسی سے ماخوذ ہے ذیلی اور ضمنی عنوانات کا اضافہ ناچیز راقم الحروف کی طرف سے ہے۔

عزیز و مست سخن تم ہو یا کہ سوتے ہو
اٹھو اٹھو کہ بس اب سر پہ آفتاب آیا

تالیف میں تیس دن کا التواء

1۔ ''تفسیر لکھنے کی میعاد (70) دن ٹھہری تھی اس بڑی ہی تھوڑی میعاد میں سے بھی جو اصلاً اور حقیقتاً سورۃ فاتحہ کی عربی فصیح میں غیر مسبوقہ حقائق کے ساتھ تفسیر لکھنے کے لئے نہایت غیر مکتفی تھی پورے تیس دن حضرت حجۃ اللہ نے یوں منہا کر دئے کہ اس اثنا میں آپ کے دست وقلم میں خالص منافرت رہی ایک نقطہ تک نہ تو لکھا اور نہ اس غیر مامور کو جگہ سے ہلا دینے والے کام کی نازک ذمہ داری کی طرف کچھ توجہ ہی کی۔ پورے ایک مہینہ کے بعد جب لکھنے کا ارادہ کیا معاً برد اطراف اور ضعف کے اس قدر متواتر دورے پڑنے شروع ہوئے کہ بسا اوقات پر دل امید زندگی کے چراغ کو شمع سحری کی طرح ٹمٹماتا دیکھ کر یاس کے تاریک کونے میں سرنگوں بیٹھ جاتی تھی۔ **میں نے دس سال میں اس قدر اتصال اور ہجوم ان ہولناک امراض کا نہیں دیکھا تھا۔ صحت کا یہ حال اور وعدہ اس قدر مضبوط۔ منجانب اللہ ہونے۔ موید من اللہ ہونے کا ایک نشان اور معیار اور ایک چلہ باقی کوئی معمولی آدمی ہو اور عزت و ذلت کا معاملہ ہو تو ایک سوچنے والا سوچ سکتا ہے کہ اس کے دل اور جان پر کیا گزر سکتی ہے۔** یہاں سارے جہان سے ٹکر لگی ہوئی ہے۔ ایک مامور کی برسوں کی کامیاب عزت معرض امتحان میں اور ضعیف محدود بشری نگاہ کے نزدیک معرض خطر میں تھی۔''

خوفناک امراض کا حملہ اور استقلال واخلاص کا نقشہ

2۔ ''مسودہ لکھنا۔ کاپی دیکھنا۔ پروف دیکھنا اور پوری صفائی سے چھپنا یہ سب کام ضروری تھا کہ اس تھوڑی مدت میں پورے ہوں۔ میرا دل بصیرت اور دلائل سے اس پر شاہد اور قائم ہے کہ اس وقت سے کہ آپ کی مبارک انگلیوں کو چھونے کا شرف قلم کو ملا ایسی تقیید اور تقید کا کام کبھی آپ کے پیش نہیں آیا۔ ایک بات اور ایک تکلیف آپ کو پیش نہیں آئی۔ مختلف قسم کی زحمتوں کا سامنا آپ کو کرنا پڑا۔ آپ کی کریم رحیم فطرت کا .... ایک ہی رنگ پر اور مختصر پیرایہ پر قانع نہ ہونا معانی اور نکات کے بحر ذخار کی مضطرب امواج کا آپ کی معنی آفرین جودت زا طبیعت میں موجیں مارنا۔ محدود وقت کی سخت قید کا لگ جانا اور ان سب پر اور سب سے زیادہ زحمت خوفناک امراض کا پے در پے حملہ آور ہونا۔ غرض یہ ایسی تحریکیں اور دباؤ تھے کہ ایک غیر مامور کو پیس کر سرمہ کر دیتے۔ بسا اقات قوی دل لوگ بھی ایسے موقعوں پر جی چھوڑ کر رہ جاتے ہیں اور جدید اور لذیذ مضامین کا پیدا کرنا تو برکنار موجودہ علم و دانش بھی ان کے دماغ سے پرواز کر جاتی ہے۔ مگر حضرت مسیح موعود نے اللہ تعالیٰ کی تائید اور اذن سے 20 تاریخ کو تفسیر کی تسوید سے فراغت کر لی اور کاتب اور مطبع کا کام رہا جو انشاء اللہ تعالیٰ دو روز میں انجام کو پہنچ جائے گا۔

میرا موضوع اس وقت یہ نہیں کہ تفسیر کی نسبت گفتگو کروں اور اس کے اعجاز کے پہلوؤں پر بحث کروں۔ وہ انشاء اللہ 25 تک حسب وعدہ شائع ہو جائے گی۔ سنت اللہ کے موافق سعید اسے معجزہ اور آیت اللہ سمجھ کر خدا کے نور کو پہچان لیں گے اور شقی اسی کنوئیں میں گریں گے جو ان کے اشباہ و امثال کے لئے موعودوں کے ہر زمانہ میں تیار ہوتا رہا ہے۔ میرا مقصد اس وقت یہ ہے کہ میں اپنے ان دوستوں کو حضرت مامور کی استقامت اور اخلاص کی کیفیت کا نقشہ دکھاؤں جو قدرت کی تقدیروں سے اس نظارہ کے معائنہ سے دور پڑے ہیں۔ میرا دل مجھے یقین دلاتا ہے کہ محبوب و مولیٰ اور رؤف رحیم آقا کی یہ زحمت اور تکلیف جو اس راہ میں ان پر پڑی ہے ان کے عاشق خدام کی محبت اور عشق کے لئے مہمیز کا کام دے گی اور یہ اطلاع اور شعور اور احساس ایک آگ ہو گی جو غیر کو غیر کی تعظیم وتکریم کو غیر کے کسی قسم کے جہد و ریاضت کے خیال اور یقین کو ان کے دل سے راکھ کر کے نکال ڈالے گی۔ میرا یگانہ لاشریک خدا جس کی عظمت اور جبروت کا تصور ایک صادق کی پیٹھ کی ہڈیاں توڑ دیتا ہے گواہ اور آگاہ ہے کہ **میں آپ کی اس محنت اور جانفشانی اور بیماریوں کی شدت کو دیکھ کر بسا اوقات جوش محبت میں سخت رنج اور دکھ سے بھر جاتا اور بھاری صدمہ اپنی جان میں محسوس کرتا اور میرا دل چیخ کر یہ کہتا کہ حقیقی کفارہ اور واقعی قربانی یہ ہے**..........''

ایک جمیل حسین اور محسن چہرہ ہے جو اس برگزیدہ کے سامنے بیٹھا اور اپنی جان بخش تجلیات سے ساری مصیبتیں اس پر آسان کر رہا ہے اور اس دل افروز حسن سے ایسے عالم محویت میں یہ عاشق صادق ہے کہ غیر کی نہ تو تحسین کی پرواہ ہے اور نہ تقبیح اور توہین کا کچھ خوف ہے۔ میں نے بارہا دل میں ایک رنج محسوس کیا جو جبروت اور عظمت کے دباؤ سے سینہ سے سر نکالتے نکالتے رہ گیا اور کبھی جو کلیجہ منہ تک آیا تو ناز آمیز شکوہ سے اپنے رحیم کریم رب کو کہہ ہی گزرا کہ اے رحیم کریم مولیٰ تیری حکمتوں اور تقدیروں کے اتھاہ سمندر میں غوطہ لگا کر کون کسی راز کو مٹھی میں لا سکتا ہے ایک طرف تو تو نے اپنے بندہ پر ایسے ذمہ داریوں کے پہاڑ توڑ رکھے ہیں اور ایک جہان کی آنکھوں کا مطمح نظر اسے بنا رکھا ہے اور ایک طرف یہ بیماریاں اور رنج ہیں کہ یقیناً ایک پہاڑ پر پڑیں تو اسے چور چور کر دیں۔ آخر اس حقیقت کی تجلی اور انکشاف نے ڈھارس باندھی کہ یہ بھی اور یہی درحقیقت عظیم الشان معجزہ ہے۔ اگرچہ کوئی خارجی آدمی بدگمانی اور تیرہ فطرتی سے یقین نہ کرے پر آستانہ قدس کا شرف ملازمت رکھنے والے اس رنگ کو اپنے ایمانوں کے لئے نئی اور عجیب یاقوتی سمجھتے ہیں اس لئے کہ وہ یقین سے بھر گئے ہیں کہ یہ خدائے قدوس قادر کا ہاتھ ہے جس نے چالیس روز میں اس عظیم الشان کام کو پورا کیا ہے ورنہ مجرد اور مخذول اور مفتری بشریت کے سامنے آخری اور ابدی تباہی کا دن آ چکا تھا۔ ان متواتر بیماریوں اور ناقابل بیان ناتوانی اور بے کسی اور خدا تعالیٰ کی اس نصرت اور تائید نے اور بھی زیادہ حضرت موعود کے صدق اور حقیقت پر مہر کر دی۔''

تکمیل پر قابل دید نظارہ اور عشاق کے لئے نورانی مشعل

3۔ کل جمعہ کے دن 22 فروری کو یہاں قابل دید نظارہ تھا جبکہ قدس کے میدانوں میں جولان کرنے والا اشہب قلم آپ کا منزل مقصود پر بعافیت وخیریت پہنچ کر آرام سے کھڑا ہو گیا رات کو حضرت مامور آدھی رات سے زیادہ تک اور پھر اسی افراتفری میں جمع ہوئے اور نکالے ہوئے پروف دیکھتے رہے۔ مطبع کے کارکن رات بھر کام کرتے رہے اور آج 23 کی صبح کو اعجاز المسیح پورے دو سو صفحوں میں مکمل ہو کر ڈاک کے ذریعہ مختلف مقامات میں بھیجا گیا۔ ظہر کی نماز کے وقت جب آپ بیت میں تشریف لائے آپ کا درخشاں چہرہ جس پر کامیابی اور نصرت حق اور محبوبیت ڈھیروں پھول برسا رہی تھی۔ عشاق کے لئے ایک نورانی مشعل تھا جس کی روشنی میں وہ براہ راست وجہ اللہ کو دیکھتے تھے۔ ان کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی جب انہوں نے دیکھا کہ خدا تعالیٰ کی وحی کس شان اور قوت سے پوری ہوئی جو اس سے ڈیڑھ ماہ پہلے تمام بلاد میں شائع کی گئی تھی کہ ''دشمنوں کی فتح ہو گئی خدا کی فتح بعد میں آوے گی''۔ وہ فتح جو عوام نے ...... کی طرف منسوب کی وہ بازاری شور سے زیادہ نہ تھی مگر خدا کی نصرت جو اعجاز المسیح کی شکل میں ظاہر ہوئی علمی معجزہ اور دائمی فتح ہے جس کے حروف زمانہ کی صفحوں پر سدا چمکتے رہیں گے۔ سب سے زیادہ

خوشی انہیں اس جلالی وحی کے پورا ہونے سے ہوئی کہ "منعہ مانع من السماء" اس سے نئے طور پر سمجھ میں آیا کہ کیسا قادر متصرف علی القلوب خدا ہے اپنی مرضی کے پورا کرنے کے لئے جس طرح اور جس طرح چاہے دلوں کو پھیر دے۔............

حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم کی شرح صدر سے گواہی

4۔ ''خدا تعالیٰ کی برکتیں اور تائیدیں اور صلوات شامل حال ہوں حضرت موعود کے حرم محترم کے کہ پرسوں انہوں نے ایک فقرہ کہہ کر اپنی فراست حقہ اور خدا بین اور رسالت فہم طبیعت کا کیسا ثبوت دیا۔ از بس کہ وہ رات دن مشاہدہ کرتی تھیں اور ان سے زیادہ اور کون مخلوقات میں سے شاہد حال ہو سکتا تھا کہ حضرت مامور دن رات میں کئی کئی مرتبہ موت تک پہنچ جاتے اور بیسیوں دفعہ لکھتے لکھتے تین تین چار چار لحاف اوڑھ کر لیٹ جاتے اور ہاتھ پیر مردہ بے جان کی طرح ٹھنڈے ہو جاتے پھر اس نادر کام کو کامل مکمل دیکھ کر وہ حضرت سے مخاطب ہو کر کہتی ہیں کہ **میری روح شرح صدر سے گواہی دیتی ہے کہ آج وہ الہام ''ایک عزت کا خطاب'' ''پورا ہو گیا''۔**......

صدف عصمت کے قیمتی موتی کے منہ سے نکلا ہوا کلام

5۔ ''خدا ترس اہل دل اور سنن انبیا (علیہم السلام) سے واقف اس کلام سے جو اس صدف عصمت و عفت کے قیمتی موتی کے مونہہ سے نکلا ہے نور اور فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

میرے قلب کی بناوٹ خداوند حکیم نے ایسی بنائی ہے کہ میں رسول کریم ﷺ کی ازواج مطہرات خصوصاً عائشہ صدیقہؓ کی شہادت کو حضور سرور کائنات ﷺ کی رسالت کے صدق پر لانظیر شہادت مانتا ہوں۔

ایک محرم تمام گرد و پیش کے حالات سے واقف جس پر بے تکلفی اور سادگی اور اضطراری تحریکات اور جذبات وقتاً فوقتاً برہنہ تجلی کرتی اور اپنا سارا اندرونہ کبھی بتدریج اور کبھی بیکبارگی اگل کر سامنے رکھ دیتی ہیں اپنے ایسے رفیق کی نسبت گواہی دے اور رفتار زندگی میں اپنے چال چلن اور خارق عادت صدق سے اس شہادت پر راستی اور حقیقت کا نشان لگا دے۔ یہ صدق کا ایسا نشان ہے کہ کسی بڑے نشان سے نیچے نہیں۔ **اسی بنا پر میں نے اس شہادت اور پاک اور سادہ الفاظ میں ادا کی ہوئی شہادت کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔''** (صفحہ 1 تا 7)

دانشمندانِ مشرق و مغرب کی خدمت میں دعوت فکر

6۔ ''سوچو اور غور کرو یہ ہوا کیا کہ اس مقابلہ میں تمام قلم ٹوٹ گئے اور بے شمار عالموں سے ایک ہی کو اور اسی کو جس کا خدا کی طرف سے منصور و موید ہونے کا دعویٰ تھا اس کے لکھنے اور پورا کرنے اور میعاد کے اندر شائع کرنے کی توفیق ملی۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ ایسا ظالم نہیں اور اس کی سنت کبھی ایسی ثابت نہیں ہوئی کہ اس طرح ایک شخص میدان میں کھڑا ہو کر اپنی صداقت کا کوئی ثبوت اور معیار پیش کرے اور ہو وہ کاذب اور مفتری علی اللہ اور اس کے مقابل ہوں صادقینؔ کاملینؔ ملہمینؔ .... پھر وہ کامیاب ہو جائے اور اس کے مونہہ کی بات حرفاً حرفاً پوری ہو جائے اور وہ بزرگ اور پاک جماعت مبہوت اور مخذول رہ جائے۔ اے دانشمندو سوچو۔ اے خدا کو ماننے والو فکر کرو۔ یہ بات کیا ہے۔ کیا غیور خدا نے ناحق اس شخص کی مدد کی جو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور .... کثیر گروہ اس پر صدق دل سے ایمان رکھتا ہے اور دن بدن اطراف الارض سمٹ کر اس کے حضور میں ناصیہ فرسائی کا شرف حاصل کر رہے ہیں کیا یہ اس لئے کیا کہ قہر کی بجلی سے .... نابود کر ڈالے۔ ظلم مت کرو۔ خدائے پاک کی طرف ایسے گستاخانہ خیالات کو منسوب نہ کرو۔ اس نے جو کیا درست کیا۔ اسی طرح وہ اپنے بندوں کی صداقت ظاہر کیا کرتا ہے۔ یوں اس نے موید اور مخذول گروہ کو مخذول کر دکھایا اس لئے کہ جہان پر کھلی حجت ثابت ہو جائے۔ جس طرح چالیس روز 70 میں سے باقی رہ گئے تھے اور بیماریوں کی جھپٹ دن بدن زیادہ ہوتی جاتی تھی اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو میعاد یونہی ٹل جاتی اور حضرت موعود کو قلم پکڑنے کی مہلت ہی نہ ملتی۔ فاطر السمٰوات والارض عالم السر والعلن گواہ اور آگاہ ہے کہ ہم کو بشریت کے ضعف کی وجہ سے بار بار ایسا دھڑکا لگتا تھا کہ کیونکر اتنا عظیم الشان کام باوجود ان حالتوں کے جو ہم دیکھتے تھے پورا ہوگا۔ اپنے حق میں تو ظلم سے جو چاہو کہو مگر یہ تو بتاؤ کہ کیا **ہمارے لئے بھی یہ نشان نہیں جن کے سامنے یہ سب حالات وقوع میں آئے اور کیا اب بھی ہم حضرت موعود کو اپنے تمام دعووں میں صادق اور موید اور منصور ماننے پر معذور و مجبور نہیں ہیں۔''**

(صفحہ 24-25)

الحکم میں اشاعت

یہ حقیقت افروز تبصرہ بعد میں اخبار ''الحکم'' مورخہ 3 مارچ 1901ء میں بھی شائع کر دیا گیا۔ آج جبکہ اس کی اشاعت ایک صدی سے بھی آٹھ برس گزر چکے ہیں نہ صرف اس کی عظمت شان میں کوئی فرق نہیں آیا بلکہ مرور زمانہ کے ساتھ ہر لحہ اور ہر لحظہ اس کی افادیت میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے۔ ؎

مصطفیٰ پر ترا بے حد ہو سلام اور رحمت
اس سے یہ نور لیا بار خدایا ہم نے

مکرم مبارک احمد ظفر صاحب

پیارا نواسہ نعمان محمود

ہمارا پیارا نواسہ عزیزم نعمان محمود واقف نو ابن مکرم ڈاکٹر محمود احمد صاحب خالد آف ڈیرہ غازی خان اپنی بڑی بہن انیلا خالد کی پیدائش کے دو سال بعد مورخہ 28 مارچ 1994ء کو خدا تعالیٰ نے ایک انعام کی صورت میں عطا کیا۔ اس کے بعد عزیزم فیضان محمود کی ولادت ہوئی۔

میری بیٹی غزالہ ظفر کے آنگن میں حضور انور اور بزرگوں کی دعاؤں سے خدا تعالیٰ نے یہ تین پھول لگائے تھے۔ تقدیر نے غزالہ کو جو عمر کے تیس سال اس جہان فانی میں گزار چکی تھی 24 جنوری 2001ء کو اپنے پاس بلا لیا۔

میری بیٹی غزالہ ظفر نے گورنمنٹ نصرت کالج ربوہ سے B.A کیا تھا۔ وہ ہر دینی و دنیاوی امتحانات میں نمایاں کامیابی کے ساتھ پاس ہوتی رہی۔ اپنے کالج سے سوشل ورک میں اول انعام حاصل کیا۔ میری بیٹی کو ربوہ کے اعلیٰ روحانی ماحول میں جو پاکیزہ تربیت حاصل ہوئی وہ اپنے بچوں کی اعلیٰ تربیت کے رنگ میں ودیعت کر گئی اور اپنے پرائے سب اس کے قائل ہیں۔ اپنی مادر مہربان کی اچانک وفات کے بعد ان بچوں کو بڑے ہی نامساعد حالات کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن خدا تعالیٰ کے فضل اور دعائیں ان کے شامل سفر رہیں۔

عزیزم نعمان کو اپنی والدہ کی وفات سے کچھ عرصہ قبل دل کی تکلیف لاحق ہو گئی تھی جس کا چیک اپ محترم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب سے بھی کروایا گیا۔ طاہر ہومیو پیتھک کلینک سے محترم ڈاکٹر وقار منظور بسراء صاحب کا بھی علاج جاری تھا۔ نعمان نے اپنی کمزوری صحت کے باوجود اپنی تعلیم کے معیار میں کمی نہیں آنے دی۔

خاکسار اسے ہمیشہ ''حضور کا سپاہی'' کہہ کر بلاتا اور پکارتا تھا۔ میرے چھوٹے بیٹے عزیزم خلیق احمد ظفر (M.A.LL.B) حال ٹورانٹو کینیڈا نے اپنی ہمشیرہ کی وفات کے بعد اس واقف نو بیٹے کی طرف غیر معمولی محبت۔ شفقت اور توجہ دی اور نعمان کے لئے دنیا کا نقشہ (بڑا سائز) لا کر گھر میں آویزاں کر دیا تھا اور دنیا کے مختلف ممالک میں جماعت کے مشن ہاؤسز کے متعلق آگاہی دیا کرتا تھا۔ اس ذہین بچے نے اپنے ماموں سے بہت کچھ سیکھا۔ بچوں کے والد اپنی دوسری شادی کے بعد ان بچوں کو ڈیرہ غازی خان لے گئے۔ لیکن ربوہ کے اعلیٰ ماحول اور تربیت نے ہر جہت سے ان بچوں کا ساتھ دیا۔ یہ بچے ڈیرہ غازی خان کے انگلش سکولوں میں ہمیشہ کلاس میں نمایاں پوزیشن حاصل کرتے آ رہے ہیں۔ عزیزم نعمان نے بورڈ کے آٹھویں کلاس کے امتحان میں باوجود بیماری کے 87% نمبر حاصل کئے اور اپنے سکول میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ میرے پوچھنے پر کہ آپ کو کیا انعام دیں۔ تو جواباً بڑی سادگی سے کہا کہ بابا جانی ہمیں صرف آپ سب کی دعائیں چاہئیں۔ ہمارا پیارا نعمان اپنی بڑی بہن کا ہر وقت کا ساتھی تھا۔

اب اس کی بہن دسویں کلاس میں ہوئی ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے انیلا خالد بورڈ کے حالیہ امتحان میں اپنی پوری کلاس نہم میں فرسٹ آئی ہے الحمدللہ۔ ان دونوں بہن بھائیوں نے مورخہ 5/ اگست 2008ء کو سکول میں نئی کلاس میں جانا تھا۔ مورخہ 4/ اگست کی شام کو 5 بجے نعمان کی اچانک طبیعت ناساز ہو گئی۔ لیکن ڈاکٹرز کی کوششوں کے باوجود پیارا نعمان جانبر نہ ہو سکا۔ ہم سب اہل خانہ ربوہ سے تدفین سے قبل ڈیرہ غازی خان چلے گئے تھے۔ مورخہ 5/ اگست 2008ء کو بوقت 11 بجے دن مربی صاحب ضلع نے عزیزم نعمان کی نماز جنازہ پڑھائی جس میں کثیر احباب جماعت نے شمولیت کی اس ننھے واقف نو کو دلی دعاؤں کے ساتھ احمدیہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

نعمان کی تدفین والے روز اس کے سکول کا سٹاف نعمان کی تعزیت کے لئے آیا اور اس ذہین طالب علم کا ذکر خیر کیا۔

خاکسار مورخہ 6/ اگست کو نعمان کے سکول گیا نعمان کے انچارج ٹیچر مکرم خٹک صاحب نے تین سال قبل کی چھٹی کلاس کی سائنس اور اردو کی دو کاپیاں جو کہ بطور ماڈل محفوظ کر کے رکھی تھیں۔ مجھے بطور یادگار یہ تحفہ دیا۔ تمام کاپیوں میں سوائے دو جگہ کے سو فی صد نمبر تھے۔ مذکورہ ٹیچر صاحب نے نعمان کے متعلق مندرجہ ذیل تحریر لکھ کر دی۔

مؤدب، سادہ، پُر مزاح، ذہین، اختراع پسند، ہمدرد اور شاندار نتائج کا حامل۔ اللہ تعالیٰ اس کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

احباب جماعت دیگر بچوں کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں یہ تمام بچے مولانا ظفر محمد صاحب ظفر سابق پروفیسر جامعہ احمدیہ اور میاں خورشید احمد صاحب آف ڈیرہ غازی خان کی نسل میں سے ہیں۔

مقصود احمد علوی صاحب

انسانی رویے اور زاویہ نگاہ

دنیا میں ہر انسان کو کسی نہ کسی مسئلہ کا سامنا رہتا ہے۔ بعض کو کاروباری زندگی میں مسائل درپیش ہوتے ہیں۔ انہیں کاروبار کو ترقی دینے کی فکر کھائے جا رہی ہوتی ہے۔ بقول ان کے ملازمین الگ تنگ کرتے ہیں جو اپنے فرائض سے انصاف نہیں کرتے۔ اس کے لئے وہ دن رات محنت کرتے ہیں یہاں تک کہ ان کی گھریلو زندگی بھی متاثر ہو جاتی ہے۔ انہیں اس کا احساس بھی ہوتا ہے کہ کاروبار کی وجہ سے بیوی بچوں کو وقت نہیں دے پا رہے۔ لیکن کوشش کے باوجود اس صورت حال سے نکلنے کی کوئی راہ انہیں نظر نہیں آتی۔

بعض کو اپنی اولاد کی طرف سے شکایت ہوتی ہے جو ان کے ہاتھوں سے نکل چکی ہوتی ہے۔ انہیں یہ بھی احساس ہوتا ہے کہ ان کی اپنی ہی غفلت کی وجہ سے یہ صورت حال پیدا ہوئی ہے کیونکہ انہوں نے وقت پر ان کی تعلیم و تربیت کی طرف توجہ نہ کی تھی۔

بعض کو کاہلی اور سستی کی بیماری نے گھیر رکھا ہوتا ہے۔ کوئی مصروفیت نہیں ملتی۔ سارا سارا دن گھر میں فارغ بیٹھے رہتے ہیں۔ کئی منصوبے بناتے ہیں لیکن کسی پر عمل نہیں کر سکتے۔ اچھی خوراک اور فارغ رہنے کی وجہ سے موٹاپے کی طرف مائل ہیں۔ ڈاکٹر نے بھی وارننگ دے رکھی ہے۔ ایک آدھ دن کے لئے جوش آتا ہے اور ورزش کے منصوبے بناتے ہیں اور ایک آدھ ہفتہ عمل بھی کرتے ہیں لیکن پھر پہلے کی سی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

بعض بیویاں ہیں کہ خاوندوں سے نالاں ہیں اور بعض خاوند بیویوں کے رویوں سے تنگ ہیں۔ دونوں اطراف سے ایک دوسرے کو قصور وار ٹھہرانے کا سلسلہ جاری ہے۔ دونوں کے رشتہ دار، دوست اور ہمدرد مشورے دیتے ہیں۔ کچھ تو ان کے مسائل کو نیک نیتی سے حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں جبکہ بعض حل کرنے کے بہانے جلتی پر تیل ڈالتے ہیں۔

بعضوں کو اپنے رشتہ داروں اور دوستوں سے شکایات ہیں جن کے ساتھ بقول ان کے انہوں نے ہمیشہ نیکی کی لیکن جواب میں ان احسان فراموشوں نے ہمیشہ برا ہی سلوک کیا۔ کوئی تو جائیداد کا حصہ غصب کر گیا اور کسی نے رقم ہتھیا لی۔ کوئی پلاٹ اور زمین بیچ کر کھا گیا تو کسی نے ناحق بیٹی کو طلاق دلوا دی جواب چار بچوں کے ساتھ گھر میں بیٹھی ہے۔ جنہیں دوست سمجھتے تھے وہی مار آستیں نکلے۔ ایک آگ ہے جس میں وہ جل رہے ہیں اور ہر ایک کو یہی دکھڑے سناتے ہیں۔

بعضوں کو اپنے افسران سے اور افسران کو اپنے ماتحتوں سے شکایات ہیں۔ افسران سمجھتے ہیں کہ ان کے ماتحت کام چور ہیں۔ اپنے فرائض کما حقہ ادا نہیں کرتے۔ ماتحتوں کو دیکھو تو وہ افسران کے خلاف زہر اگلتے ہیں۔ ان لوگوں کو ماتحتوں سے کام لینا نہیں آتا۔ یہ درست ہے کہ ہم یہاں ملازم ہیں لیکن آخر انسان ہیں۔ یہ لوگ قطعاً عزت نفس کا خیال نہیں رکھتے۔ چاہتے ہیں کہ ان کے حصے کا کام بھی ہم ہی کریں گھنٹوں کے حساب سے تو ان کی ٹی بریک چلتی ہے۔ راتوں رات امیر بننا چاہتے ہیں۔ جب بھی تنخواہ بڑھانے کا نام لو بس بخار چڑھ جاتا ہے۔

بعض کو یہ بیماری ہوتی ہے کہ کسی کو خیر پہنچے تو انہیں اچھا نہیں لگتا۔ بس جل کر کباب ہو جاتے ہیں۔ دوسروں کی دیکھا دیکھی مبارک تو دیتے ہیں لیکن دل میں کڑھتے ہیں۔ بعض کو خود پسندی کا مرض ہوتا ہے۔ جو بھی ان کے پاس بیٹھتا ہے انہیں اپنی ہی تعریف میں رطب اللسان پاتا ہے۔ کسی بھی موضوع پر بات ہو وہ اپنے آپ کو اس میدان کا شہسوار ثابت کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ دو آنے کا کام کریں تو دو سو کا ظاہر کرتے ہیں۔ عادت ایسی پکی ہو چکی ہے گویا فطرت ثانیہ ہے۔ بعض بیباک اور بے تکلف دوست ان کی توجہ اس طرف مبذول کراتے ہیں تو احساس کا ایک جھونکا سا آتا ہے لیکن اپنے رویے میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتے۔

یہ اور اسی طرح کے کئی دوسرے مسائل ہیں جن کے حل کے لئے لوگ اپنی سے کوششیں کرتے رہتے ہیں لیکن کامیابی نہیں ہوتی۔ یہ ایسے مسائل ہیں جو ہماری روزمرہ زندگی کا حصہ ہیں اور ہم سب ان سے آگاہ ہیں۔ یہ مسائل ایسے نہیں ہوتے کہ حساب کے کسی مسئلہ کی طرح ریاضی کے پروفیسر سے جا کر انسان سمجھ لے اور معاملہ ختم۔ یہ بڑے گہرے معاشرتی مسائل ہیں جن کا حل کوئی آسان کام نہیں ہوتا۔

کسی بھی مسئلہ کے حل کے لئے جہاں یہ ضروری ہے کہ اس کی وجہ سے درست تشخیص ہو وہاں یہ بھی ضروری ہوتا ہے کہ اس کا علاج بھی درست تجویز ہوا اور پھر اس پر عمل بھی ٹھیک طرح سے ہو۔ پاؤں میں چبھی ہوئی کیل جب تک نکالی نہیں جاتی ہزار کوشش کرو کہ پاؤں صحت مند ہو جائے یہ کبھی ممکن ہی نہیں اور ایسی کوششیں وقت اور دولت کا ضائع کرنا اور سعی لاحاصل ہے۔ گھر کے کسی کمرے سے اگر بُو آ رہی ہو تو جب تک تلاش کر کے کونے کھدرے سے مرا ہوا چوہا نکال کر باہر نہیں پھینکا جاتا بُو ختم نہیں ہو سکتی۔ اگر کوئی شخص دو ہفتے سے نہایا نہیں اور نہ ہی کپڑے تبدیل کئے ہیں تو عطر لگانے سے وقتی طور پر اس سے بُو تو نہیں آئے گی لیکن یہ کوئی مستقل حل نہیں ہے۔ اس کے لئے اسے نہانا اور کپڑے تبدیل کرنا پڑیں گے۔ مشکل یہی ہے کہ اکثر لوگ مسائل کے حل کے لئے وجہ کو تو دور نہیں کرتے اور وقتی اور فوری حل کے لئے دوسری سمت میں کوشش کرتے رہتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ دب جاتے ہیں اور کچھ ہی وقت کے بعد دوبارہ سامنے آ جاتے ہیں۔ اس لئے سب سے پہلا زینہ یہ ہے کہ انسان درپیش مسائل کی وجوہات دریافت کرے۔

دراصل ان سب مسائل کی وجہ ہمارے نامناسب رویے، انداز فکر اور طرز عمل ہے جن سے یہ مسائل پھوٹتے ہیں۔ اگر ہمارے رویے درست ہو جائیں تو مسائل خود بخود غائب ہو جاتے ہیں۔ دو قسم کے انسانی اطوار ہیں جن کے ذریعے رویوں کی درستگی کی کوشش کی جاتی ہے۔ ان کی کسی قدر تفصیل ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

کردار اور شخصیت

کردار انسان کی اندرونی کیفیات کے قدرتی اظہار کا نام ہے۔ یہ کیفیات تربیت اور ماحول کے زیر اثر اچھی بھی ہو سکتی ہیں اور بری بھی اور یہی انسان کے کردار کی آئینہ دار ہوتی ہیں۔ اچھی کیفیات کو ہم اخلاق حسنہ کا نام دیتے ہیں۔ ایک باکردار شخص باطنی سچائی کے ساتھ بغیر کسی قسم کی ریاکاری کے اپنے اخلاق کا اظہار کرتا ہے لیکن شخصیت کا اظہار باطنی اخلاق کے زیر اثر ہونا ضروری نہیں ہوتا۔ بعض لوگ بظاہر بڑی مسحور اور متاثر کن شخصیت کے مالک ہوتے ہیں لیکن اندر سے پرلے درجے کے مکار، جھوٹے اور بے ایمان ہوتے ہیں اور ان کی وہ شخصیت محض ریاکاری کا کرشمہ ہوتی ہے۔ یہ وضاحت ضروری ہے کہ یہ محض شخصیت کی بات ہو رہی ہے ورنہ باکردار لوگوں کی بھی اپنی ایک شخصیت ہوتی ہے اور اس سے بھی سمجھدار لوگ متاثر ہوتے ہیں۔ اسے ہم باکردار شخصیت کا نام دے سکتے ہیں۔

فی زمانہ بالعموم محض شخصیت پر ہی زیادہ توجہ دی جاتی ہے اور اسے ہی مسائل کے حل کی کلید سمجھا جاتا ہے۔ اس لئے اسے ہی نکھارنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ کردار کی اندرونی خوبیوں کی طرف سے توجہ ہٹ گئی ہے اور اس کی جگہ ریاکاری، تصنع، متاثر کرنے والے طریقوں سے گفتگو کرنے کے ڈھنگ، گاہکوں، کو پھنسانے کے لئے مصنوعی مسکراہٹ، ماحول سے میچ کرتا ہوا لباس اور دیگر حربے، افسران کی خوشنودی کے لئے تحائف کی پیٹیاں اور ان سے حقائق چھپانے کے لئے ماہرانہ رپورٹیں وغیرہ طریقوں نے لے لی ہے اور انہی سے مسائل حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ہماری معاشرتی زندگی کا یہ معمول بن چکا ہے کہ لوگ اپنے درپیش مسائل کا حل دوسروں کو ’’گولی دے کر‘‘ یعنی جھوٹ بول کر، دولت کے بل بوتے پر رشوت دے کر، تعلقات کو استعمال کر کے، طاقت اور دھونس وغیرہ حربوں سے ہی حل کرنا چاہتے ہیں۔ شارٹ کٹ طریقوں کے ذریعے غلط راستے اختیار کر کے معاملات طے کرنے کا کلچر راہ پا چکا ہے۔ کردار کی خوبیاں جو مسائل کا مستقل حل ہیں ان کی طرف کوئی دیکھتا بھی نہیں۔ یہ خیال کسی کو نہیں آتا کہ سارے مسائل کا حل راست بازی، امانت و دیانت، عاجزی و انکساری، فرض شناسی، انصاف اور سادگی وغیرہ اختیار کرنے میں ہے۔

یہ درست ہے کہ عارضی اور وقتی طور پر اس قسم کے حربوں سے فائدہ بھی ہوتا ہے لیکن یہ فائدہ دیرپا نہیں ہوتا۔ اس قسم کے ہتھکنڈوں سے کچھ وقت کے لئے جسموں پر تو حکومت کی جا سکتی ہے اور صورت حال کو وقتی طور پر تبدیل بھی کیا جا سکتا ہے لیکن ان سے مسائل مستقلاً حل نہیں ہوتے۔ کچھ ہی دیر بعد ایسی مصنوعی ترکیبیں استعمال کرنے والوں کی اصلیت سے لوگ واقف ہو جاتے ہیں اور ان کا اصل چہرہ سامنے آ جاتا ہے۔ ان کی ریاکاری، منافقت اور عیارانہ چالاکیاں ان کے اعتماد کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتی ہیں اور وہ لوگوں کی نظر سے گر جاتے ہیں۔ پھر چاہے کچھ بھی کر لیں اپنا اعتماد بحال نہیں کر سکتے تاوقتیکہ کردار کی خوبیوں کی طرف نہ لوٹیں۔

کردار کی اندرونی خوبیوں سے خالی مصنوعی شخصیت حقیقی عزت و تکریم عطا نہیں کر سکتی۔ دنیا کے بڑے سے بڑے اور بظاہر ہر دلعزیز راہنماؤں پر بھی لوگ اس طرح دیوانہ وار فدا نہیں ہوتے جس طرح خدا کے نبیوں اور ولیوں کی خاطر اپنی جانوں تک کے نذرانے پیش کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ دنیاوی راہنماؤں میں خالی شخصیت ہوتی ہے اور روحانی دنیا کے بادشاہوں میں کردار کا نور۔ ورنہ ظاہری شخصیت کے اعتبار سے تو آسمان روحانیت کے یہ بادشاہ ساری عمر فقر و فاقہ اور مسکینی میں ہی زندگی بسر کر جاتے ہیں اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ ان کی سادگی اور غربت کی وجہ سے ناواقف عوام الناس آقا کو غلام اور غلام کو آقا سمجھ رہے ہوتے ہیں۔

پس مسائل کے دیرپا اور مستقل حل اور حقیقی عزت و تکریم کے لئے کوئی چھوٹا سا راستہ نہیں۔ کردار کی خوبیوں میں بڑی طاقت ہوتی ہے۔ اس کی جڑیں فطرت انسانی میں پیوست ہوتی ہیں۔ یہ لوگ چاہے ڈھنگ کا لباس نہ بھی پہنیں اور خوبصورت اور بھرپور انداز سے مشکل الفاظ استعمال کر کے گفتگو نہ کر سکتے ہوں ان کی اندر کی سچائی کا نور لوگوں کو مجبور کرتا ہے کہ ان کی طرف متوجہ ہوں، ان پر اعتماد کریں اور ان سے عزت سے پیش آئیں۔

زاویہ نگاہ

یہ بات ہمارے روزمرہ کے مشاہدہ میں آتی ہے

کہ ایک شخص کسی کی بہت تعریف کر رہا ہوتا ہے جبکہ دوسرا اسی کی خامیاں بیان کرتا نہیں تھکتا۔ ایک چیز ایک کے نزدیک خوبصورت ہے تو دوسرا اسی کو انتہائی بدصورت سمجھتا ہے حالانکہ چیز بھی ایک ہے اور شخصیت بھی وہی۔ ہمارے زاویۂ نگاہ کا ہمارے رویوں پر اس طرح اثر پڑتا ہے کہ جس کے نزدیک کوئی شخص اچھا ہے اس کے بارے میں وہ سوچے گا بھی اچھا اور اس سے اس کا سلوک بھی اچھا ہی ہوگا لیکن دوسرا اسی شخص سے بدسلوکی کا قصد کرے گا یا کم ازکم اس کے بارہ میں بدگوئی تو ضرور کرے گا۔

یہ بھی ایک مانی ہوئی حقیقت ہے کہ بسا اوقات ایک ہی شخصیت کو مختلف زاویہ ہائے نگاہ سے دیکھنے والے افراد نہایت راست باز ہوتے ہیں اور ایمانداری سے اپنی رائے دے رہے ہوتے ہیں کہ فلاں شخص کو وہ اس طرح سمجھتے ہیں۔ اس سے ثابت ہوا کہ سچائی اور چیز ہے اور زاویۂ نگاہ دوسری۔ جب ہم اس اصول کو معاشرتی زندگی پر پھیلا کر دیکھتے ہیں تو اس کا جو نتیجہ سامنے آتا ہے وہی ہمارے مسائل کی وجوہات کی تشخیص اور علاج کی کلید ہے۔ لوگ چیزوں اور شخصیات کی اہمیت، حکمت، خوبیوں، خامیوں، فوائد اور نقصانات وغیرہ کو اپنے اپنے زاویہ ہائے نگاہ سے دیکھ رہے ہوتے ہیں اور اسی کے مطابق اپنے قول و فعل کی صورت میں اپنا ردعمل ظاہر کرتے ہیں۔

زاویۂ نگاہ میں ہم آہنگی

یہ تو درست ہے کہ لوگوں کے زاویہ ہائے نگاہ میں ہم آہنگی ان کے مابین مسائل کا مستقل حل ہے لیکن یہ ہرصورت حال میں ضروری بھی نہیں۔ بعض اوقات اس ہم آہنگی کے لئے سالہا سال کا عرصہ درکار ہوتا ہے اور بعض اوقات یہ ویسے ہی ناممکن ہوتا ہے۔ دس سال کے ایک بچے کا کسی مسئلہ کے بارہ میں نقطۂ نظر ہرگز وہ نہیں ہوسکتا جو ایک پچاس سالہ تجربہ کار انسان کا ہے۔ اب اگر ان دونوں کے درمیان کوئی اختلاف ہے تو اس انسان کو اس بات پر اصرار نہیں کرنا چاہئے کہ ضرور وہ بچہ اپنا زاویۂ نگاہ تبدیل کرے اور اس معاملہ کو اسی طرح سمجھے جس طرح کہ وہ خود سمجھ رہا ہے۔ اس لئے کہ ایسا ممکن ہی نہیں۔ اس بچے کی نہ تو نظر کمزور ہے اور نہ ہی وہ جھوٹ بول رہا ہے۔ جس مقام پر وہ کھڑا ہے وہاں سے اسے وہ چیز اسی طرح نظر آ رہی ہے جیسا کہ وہ بیان کرتا ہے۔ ان کے درمیان مسئلہ کا حل یہ ہے کہ بڑی عمر کا انسان بچے کے معیار کی نظر سے اس کے نقطۂ نگاہ کو سمجھنے کی کوشش کرے۔

زاویہ ہائے نگاہ پر بہت سے عوامل اثر انداز ہوتے ہیں۔ مثلاً علم اور معرفت ہے۔ جب تک کسی چیز یا شخص کو ہم نے نزدیک سے نہیں دیکھا ہوتا، اس سے واسطہ نہیں پڑا ہوتا۔ اس کے بارے تفصیلی علم نہیں ہوتا ہمارا نقطۂ نگاہ اس کے بارے میں مختلف ہوتا ہے۔ جونہی ہمیں تفصیلی علم ہوتا ہے ہم اچانک دوسری طرح سوچنے لگ جاتے ہیں۔ معرفت کے پہلو سے دیکھیں تو بھی یہی نتیجہ نکلتا ہے۔ گاؤں کے ایک ان پڑھ شخص کو ماڈرن آرٹ کی کسی نمائش میں لے جائیں۔ آرٹ کے شہ پاروں کے بارہ میں اس کا نقطۂ نگاہ دریافت کریں تو وہ اپنے معیار سے انہیں دیکھے گا اور اپنی رائے دے گا۔ اب اس آرٹ کے ماہر کو اصرار نہیں کرنا چاہئے کہ کیوں اس دیہاتی کی رائے اس سے ہم آہنگ نہیں ہے۔ اس اختلاف کا حل یہ ہے کہ دیہاتی سے الجھنے کی بجائے اس کی رائے سے صرف نظر کیا جائے۔ علی ہذالقیاس اس بحث سے ہم مندرجہ ذیل نتائج اخذ کر سکتے ہیں:

1۔ کسی بھی شخصیت، چیز یا صورت حال کے بارہ میں زاویۂ نگاہ میں ہم آہنگی اختلافات مٹانے کا باعث ہے لیکن یہ ہرحال میں ضروری بھی نہیں۔

2۔ زاویہ نگاہ میں اختلاف کا یہ مطلب نہیں کہ کچھ لوگ ضرور غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں۔ یہ عین ممکن ہے کہ وہ اپنے اپنے معیار کے مطابق اس چیز کو ویسا ہی دیکھ رہے ہیں جیسا کہ بیان کر رہے ہیں۔

3۔ ہمیں حوصلے اور برداشت سے دوسروں کے نقطۂ نظر کو سننا چاہئے کیونکہ خصوصاً راست باز ہونے کی حالت میں وہ بھی اسی طرح مخلص ہیں جس طرح کہ ہم اپنے آپ کو سمجھتے ہیں۔

زاویۂ نگاہ دراصل انسان کے اپنے معیار اور کردار کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ ایک ہی وقت میں کسی کے بارہ میں لوگوں کے مختلف زاویہ ہائے نگاہ کے اظہار کے وقت حقائق تو ایک ہی ہوتے ہیں جو غیر مبدل ہوتے ہیں لیکن لوگ انہیں مختلف صورتوں میں دیکھ رہے تھے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان کو جس طرح کوئی چیز نظر آتی ہے یہ اس کی اپنی نظر کی خوبی یا خامی ہے۔ بالفاظ دیگر کہہ سکتے ہیں کہ انسان جو کچھ خود ہے یا جو اس کا اپنا معیار ہے اسی کے مطابق اس کا زاویہ نگاہ بھی ہے اور اسی کے مطابق اسے وہ چیز نظر آ رہی ہے یا اسے سمجھ رہا ہے۔

